**23.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

**Music**

-------------------------------

☆ ایران کی نیوکلیائی سہولیات پر امریکی حملوں کے ایک دن بعد اسرائیل اور ایران نے ایک دوسرے پر ایک بار پھر میزائل حملے کئے ہیں۔ امریکہ نے پورے مغربی خطے میں تعینات اپنی فوجوں کو ہائی الرٹ پر رہنے کو کہا ہے۔

☆ بھارت نے پاکستان سے شروع ہونے والے دہشت گردی کے خطرے کو نظر انداز کرنے کے سلسلے میں اسلامی تعاون کی تنظیم OIC کی نکتہ چینی کی ہے۔ اس نے کہا ہے کہ اس سے دہشت گردی کے خلاف لڑائی پر عالمی اتفاق رائے کے تئیں عدم احترام کا اظہار ہوتا ہے۔

☆ انتخابی کمیشن نے چار ریاستوں میں پانچ اسمبلی حلقوں کیلئے ہوئے ضمنی انتخابات کے نتائج کا اعلان کردیا ہے۔ عام آدمی پارٹی کو دو BJP، کانگریس اور TMC کو ایک ایک سیٹ ملی ہے۔

☆ محکمہ موسمیات نے دلّی میں انتہائی تیز بارش کیلئے الرٹ جاری کی ہے اور بتایا ہے کہ مانسون بس پہنچنے ہی والا ہے۔ گجرات اور مدھیہ پردیش میں شدید بارش کی وجہ سے معمول کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔

☆ اور اینڈرسن تیندولکر کرکٹ ٹرافی میں بھارت کو Leeds میں کھیلے جارہے پہلے ٹیسٹ کے چوتھے دن میزبان انگلینڈ پر مضبوط گرفت حاصل ہوگئی ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Iran Israel Conflict**

ایران اور اسرائیل کے درمیان تنازع کا سلسلہ جاری ہے۔ ادھر اسرائیلی فوج نے آج دعویٰ کیا ہے کہ اُس نے آج صبح سویرے ایران کی طرف سے داغے گئے ایک میزائل کو ناکام بنانے کے فوراً بعد ایران پر کئی فضائی حملے کئے۔ اس نے کہا ہے کہ اُس نے ایران کے کرمن شاہ صوبے میں فوجی بنیادی ڈھانچے کے مقامات کو نشانہ بنایا جس میں سطح سے سطح تک وار کرنے والے میزائل چھوڑے جانے اور اُنھیں اسٹور کئے جانے کی عمارتیں شامل ہیں۔ اس کارروائی میں 15 سے زیادہ جنگی جہازوں نے حصہ لیا۔

ایران نے بھی اسرائیل پر کئی میزائل اور ڈرون حملے کئے۔ مختلف شہروں میں دھماکوں کی آوازیں سنی جاتی

رہیں۔ دوسری طرف ایران کی پارلیمنٹ نے اتفاق رائے سے آبنائے ہرمز کو بند کئے جانے کی تجویز کو منظوری دے دی ہے۔یہ دنیا کے اہم ترین تیل اور گیس کی جہاز رانی کے راستوں میں سے ایک راستہ ہے۔ البتہ اسے قطعی شکل ایران کی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل سے منظوری کے بعد مل پائے گی۔

ادھر امریکہ کے فوجی اہلکاروں نے خطے میں تعینات فوجوں کو اعلیٰ ترین الرٹ پر رکھا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ پنٹاگن آبنائے ہرمز کو کھلا رکھنے کے سلسلے میں ہونے والی بحری محاذ آرائی کی تیاری کر رہا ہے کیونکہ اس کے بند کئے جانے کی وجہ سے دنیا بھر میں توانائی کی یقینی فراہمی اور اقتصادی استحکام کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔

ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی آج روسی صدر ولادیمیر پتن اور دیگر سینئر اہلکاروں کے ساتھ علاقائی اور بین الاقوامی معاملات کے سلسلے میں مذاکرات کیلئے ماسکو پہنچے ہیں۔

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انٹونیو گٹرس نے نیویارک میں اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر پر سلامتی کونسل کے ایک ایمرجنسی خصوصی اجلاس کے دوران، امن کی اپیل کی ہے اور زور دے کر کہا ہے کہ بحران کو کم کرنے کیلئے فوری کارروائی کی جائے۔ انھوں نے خطے میں جوابی کارروائی کی روک تھام اور تنازع کے مزید بڑھنے کی روک تھام کیلئے فوری کوشش کئے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔ سلامتی کونسل کی ایمرجنسی میٹنگ روس اور چین کی جانب سے طلب کی گئی تھی، جنھوں نے فوری اور غیرمشروط جنگ بندی کا مطالبہ کرتے ہوئے ایک قرار داد کی تجویز پیش کی۔x

پیش ہے ایک رپورٹ

VC Vinod

ایران کے وزیر خارجہ عباس اراگچی روس کی اعلیٰ ترین قیادت سے بات چیت کے لیے روس کی راجدھانی ماسکو پہنچ گئے ہیں۔ روس کو ایران کے دیرینہ رفیق اور خطے کی بڑی طاقت کے طور پر دیکھا جاتا ہے جو اس گہرے تنازعہ میں ممکنہ ثالث کے طور پر کردار ادا کر سکتا ہے۔ ان مذاکرات کے تناؤ کم کرنے کی حکمت عملیوں، وسیع تر علاقائی سلامتی کے تحفظات اور جاری تنازعوں کو حل کرنے کے لیے قابل عمل سفارتی امکانات تلاش کرنے پر مرکوز رہنے کا امکان ہے۔ ایسے میں جب روسی حکام نے امن قائم کرنے کے لیےتعمیری کردار ادا کرنے کی تیاری دکھائی ہے، مستقبل کی راہ بے حد غیریقینی ہے۔ اقوام متحدہ اور دیگر اہم عالمی طاقتوں سمیت بین الاقوامی برادری اتھل پتھل بھری صورتحال پر قریبی نگاہ رکھے ہوئے ہے اور سبھی فریقوں سے بات چیت اور تحمل برتنے کی ہنگامی اپیلیں کر رہی ہیں۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ضمیر رضوی

## Operation Sindhu

آپریشن سندھو کے تحت عمان اور اُردُن سے 161 مسافروں کا پہلا دستہ کل دلّی پہنچے گا۔ اِن 161افراد کو اسرائیل سے بحفاظت نکال کر سڑک کے راستے عمان پہنچایا گیا۔ اسرائیل اور ایران کے درمیان حالیہ واقعات کے پیش نظر حکومت اسرائیل سے اُن بھارتی باشندوں کو نکال رہی ہے جو وہاں سے واپس آنا چاہتے ہیں۔ اسرائیل سے

بھارت تک کے اُن کے سفر کیلئے پہلے زمینی سرحدوں اور پھر فضائی راستے سے بھارت تک پہنچنے کی سہولت بہم پہنچائی جارہی ہے۔ تل ابیب میں بھارتی سفارتخانہ، بھارتیوں کو باہر نکالنے کیلئے انتظامات کر رہا ہے۔ سبھی بھارتی باشندوں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ تل ابیب میں بھارتی سفارتخانے میں اپنا رجسٹریشن کرادیں۔

کسی بھی قسم کی پوچھ تاچھ کیلئے یہ لوگ تل ابیب کے بھارتی سفارتخانے میں قائم 24 گھنٹے کام کرنے والے کنٹرول روم سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

ٹیلی فون نمبر ہیں:

پلس نوسات دو– پانچ چار– سات پانچ– دوصفرسات ایک ایک

اور پلس نو سات دو– پانچ چار– تین دو– سات آٹھ – تین نو دو

اور ای–میل آئی ڈی ہے

cons1.telaviv@mea.gov.in

## INIDA OIIC

بھارت نے اسلامی تعاون تنظیم OIC کونسل کے وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں دیئے گئے اپنے ملک کے حوالوں کو واضح طور پر مسترد کر دیا ہے اور انہیں غیر ضروری اور حقائق کے اعتبار سے غلط قرار دیا ہے۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ پاکستان، جس نے دہشت گردی کو سیاسی تدبیر بنا دیا ہے، کی جانب سے دیئے گئے اس طرح کے بیانات تنگ نظری پر مبنی سیاسی مفادات کے لیے OIC پلیٹ فارم کے لگاتار غلط استعمال کو ظاہر کرتے ہیں۔ اُس نے کہا ہے کہ OIC کی جانب سے پاکستان سے شروع ہونے والے دہشت گردی کے حقیقی اور ثبوت پر مبنی خطرے کا اعتراف کیے جانے میں بار بار ناکامی، دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں عالمی اتفاق رائے اور حقائق سے بے پروائی کو ظاہر کرتی ہے۔

بھارت نے مزید کہا ہے کہ OIC کو جموں وکشمیر سمیت، جو بھارت کا ایک اٹوٹ اور خودمختار حصہ ہے، بھارت کے اندرونی معاملات پر تبصرہ کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ OIC کو چاہیے کہ وہ پاکستان کی جانب سے اُس کے ایجنڈے کو ہائی جیک کر لینے اور سیاسی رنگ دینے کی اجازت دینے کے خطرے پر غور کریں۔ اُس نے مزید کہا کہ کسی اور دوسرا راستہ سے OIC کی اعتباریت اور معنویت کو ہی زک پہنچے گی۔

بھارت نے کہا کہ OIC کی میٹنگ میں پاکستان کی جانب سے کیے گئے تبصرے، حکومت کی حمایت والی دہشت گردی، اقلیتوں کے ساتھ زیادتی، فرقوں پر مبنی تشدد اور حکمرانی میں ناکامی میں اپنے ریکارڈ سے بین الاقوامی توجہ کو دوسرا رخ دینے کی ایک کوشش ہے۔ بھارت نے بلااشتعال اور بلاجواز فوجی کارروائی کے پاکستان کے الزام کو بھی واضح طور پر مسترد کر دیا ہے اور اسے بے بنیاد قرار دیا ہے۔×

## Puri Kanishka

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے عالمی برادری سے دہشت گردی کے خلاف متحد ہونے کی اپیل کی ہے۔ آئرلینڈ کے Cork میں واقع Ahakista کے مقام پر ایئر انڈیا پرواز 1 8 2

(Kanishka) کو بم سے اڑائے جانے کے واقعہ کے 40سال پورے ہونے کے موقع پر بات کرتے ہوئے جناب پوری نے کہا کہ دنیا کو دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے متحد ہونا ہوگا۔ انھوں نے 23جون 1985میں ہوئے اس واقعہ کو یاد کیا جب کنیڈا نژاد دہشت گردوں نے ایئر انڈیا پرواز 182میں دورانِ پرواز بم نصب کرکے اُسے ہوا میں ہی اڑا دیا تھا۔ اس حادثے میں 80بچوں سمیت 329افراد ہلاک ہوگئے تھے۔

جناب پوری نے کہا کہ یہ واقعہ کوئی حادثہ نہیں تھا بلکہ جان بوجھ کر کیا گیا ایک وحشیانہ عمل تھا جسے ناپسندیدہ عناصر نے بھارت کوتقسیم کرنے کیلئے انجام دیا تھا۔x

S/B 2100 Hardeep Puri Terrorism

## Bypolls Counting Assembly

انتخابی کمیشن نے ووٹوں کی گنتی مکمل ہونے کے بعد چار ریاستوں کے پانچ اسمبلی حلقوں میں ہوئے ضمنی انتخابات کے نتیجوں کا اعلان کر دیا ہے۔ گجرات میں BJP کے راجیندر کمار دانیشور Chavda نے Kadi حلقے سے ضمنی انتخاب میں کامیابی حاصل کی۔ وہیں عام آدمی پارٹی کے امیدوار گوپال اٹالیہ نے Visavadar اسمبلی حلقے سے جیت درج کی۔ اِدھر پنجاب کے لدھیانہ مغرب اسمبلی حلقے سے عام آدمی پارٹی کے سنجیو اروڑہ کامیاب ہوئے۔ کیرالہ میں کانگریس کے امیدوار اریدن شوکت نے Nilambur اسمبلی حلقے سے جیت درج کی۔ مغربی بنگال میں ترنمول کانگریس کی امیدوار Alifa Ahmed نے کالی گنج اسمبلی حلقے سے جیت حاصل کی۔ x

## Modi PM Museum

وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں آج وزیر اعظم کے میوزیم اور لائبریری کی 47ویں سالانہ جنرل میٹنگ کی صدارت کی۔ اس میٹنگ میں مرکزی وزرا راجناتھ سنگھ، نرملا سیتا رمن، اشونی ویشنو، گجیندر سنگھ شیخاوت اور دھرمیندر پردھان کے علاوہ دیگر نے شرکت کی۔ پردھان منتری سنگھرالیہ کا افتتاح 2022میں وزیر اعظم مودی نے کیا تھا۔ اس میں تمام وزرائے اعظم کی خدمات کا اعتراف کیا گیا ہے اور یہ دکھایا گیا ہے کہ ہماری جمہوریت نے کس طرح سماج کے ہر طبقے اور سطح سے تعلق رکھنے والے لیڈروں کو ایک موقع فراہم کیا کہ وہ ملک کی تعمیر میں حصہ لیں۔x

## PM Centenary Celebration

وزیر اعظم نریندر مودی نئی دلّی میں کل بھارت کے دو عظیم روحانی اور اخلاقی لیڈروں شری نارائن گرو اور مہاتما گاندھی کے درمیان ہوئی تاریخی بات چیت کی صد سالہ تقریبات کا افتتاح کریں گے۔ یہ تاریخی گفتگو مہاتما گاندھی کے شیواگری مَٹھ کے دورے کے دوران 12مارچ 1925 کو ہوئی تھی۔ اس بات چیت میں دیگر موضوعات کے علاوہ وائی کوم ستیہ گرہ، مذہبی معاملات، عدم تشدد، چھوت چھات کا خاتمہ، نجات کا حصول اور پسماندہ طبقات کو اوپر اُٹھانے جیسے موضوعات کا احاطہ کیا گیا تھا۔x

## Rajnath President Book

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے نئی دلّی میں آج شام ایک کتاب کا اجرا کیا جس کا عنوان ہے :''Wings to Our Hopes'' جلد دوم۔ اس کتاب میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے وہ خطابات ہیں جو انھوں نے اگست 2023سے جولائی 2024 کے درمیان دیئے۔ اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو اور وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے بھی اس تقریب میں شرکت کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ یہ کتاب لوگوں کو وکست بھارت کے ہدف کو حاصل کرنے کے سلسلے میں کام کرنے کی ترغیب دے گی۔ انھوں نے کہا کہ اس کتاب میں جو موضوعات ہیں وہ تہذیب سے ثقافت تک، تعلیم سے صحت تک اور دیگر موضوعات کا احاطہ کرتے ہیں۔اس حکومت کی خواتین کی قیادت والی ترقی کے اندازِنظر کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت نے آپریشن سندور کے تحت تاریخی کارروائی کی، جس نے دہشت گردوں کے درمیان خوف پیدا کردیا۔

S/B 2100 Rajnath Singh Book Launch

اس موقع پر اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ یہ کتاب آنے والی نسلوں کو صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کے فلاحی خیالات سے واقف کرائے گی۔ انھوں نے اپنی تقریر کے دوران حاشیے پر رہ رہے لوگوں کو اوپر لانے کی کوششوں کے سلسلے میں صدر جمہوریہ کے کئے گئے کاموں کو اجاگر کیا۔

S/B Ashwini Vaishnaw

یہ کتاب ہندی اور انگریزی میں جاری کی گئی ہے۔ ساتھ ہی اس کا ای–ورژن بھی ہے۔

اسے راشٹرپتی بھون نے ترتیب دیا ہے اور اِس کی اشاعت پبلک ڈویژن کی جانب سے ہوئی ہے۔ اس کتاب میں صدر جمہوریہ کی 51 تقریروں کو شامل کیا گیا ہے جس میں اپنے عہدے کے دوسرے سال صدر موصوف کے خیالات، فلسفے اور ترجیحات کو پیش کیا گیا ہے۔x

## Amit Shah

داخلی امور اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے چھتیس گڑھ کے اپنے دورے کے دوسرے اور آخری دن آج رائے پور میں BSF کے اہلکاروں سے بات چیت کی۔ اس سے قبل انہوں نے ACP آکاش راؤ گری پونجے کے اہل خانہ سے بھی ملاقات کی جو ماؤنوازوں کی لگائی ہوئی بارودی سرنگ کی زد میں آکر شہید ہو گئے۔ وزیر موصوف نے شہیدوں کے اہل خانہ کے ساتھ ہرممکن تعاون فراہم کرنے کے حکومت کے عزم کی توثیق کی۔×

## Liucknow Shah Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ دو روزہ دورے پر آج وارانسی پہنچے ہیں۔ وہ کل مرکزی زونل کونسل کی 25ویں میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ مرکزی زونل کونسل کی میٹنگ صبح گیارہ بجے شروع ہوگی اور تقریباً دوپہر دو بجے تک جاری رہے گی۔ اس میٹنگ میں وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی، مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ موہن یادو اور چھتیس گڑھ کے وزیراعلیٰ وشنو دیو سائی اور دیگر وزراء اور اہلکار شریک ہوں گے۔×

## Special Feature 11 yhears of Govt

ملک میں سیوا، Sushasan اور غریب کلیان کے اصولوں پر چلتے ہوئے پچھلے گیارہ سال میں قابل قدر تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں۔ آکاشوانی نیوز مختلف اہم شعبوں میں گذشتہ گیارہ سال کے دوران حکومت کی کوششوں کے بارے میں ایک خصوصی فیچر پیش کر رہا ہے۔ آج ہم ''شمولیاتی ترقی کے تئیں بھارت کا پختہ عزم - ملک کے اقلیتی طبقوں کو بااختیار بنانے، مواقع دستیاب کرانے اور اصلاحات کے سفر'' پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C - Vishnu

گذشتہ دہائی میں سرکار نے تعلیم، معاشی اعتبار سے بااختیار بنانے اور بنیادی ڈھانچے کے فروغ کے شعبے میں مخصوص اقدمات کے ذریعے اقلیتی طبقوں کی بہبود کے لئے نمایاں پیش رفت کی ہے۔

پردھان منتری جن وکاس کاریہ کرم کے ذریعے 18ہزار 400 کروڑ روپے سے زیادہ لاگت کے پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی۔ ادھر قومی اقلیتی ترقیاتی اور مالیاتی کارپوریشن نے ایک لاکھ 74ہزار سے زیادہ مستفید ہونے والوں کو 752 کروڑ روپے سے زیادہ تقسیم کئے اور پسماندہ طبقوں کو رعایتی شرحوں پر قرضے فراہم کئے۔

حج سُویدھا ایپ اور حج رضاکاروں کے لئے مخصوص تربیتی پروگراموں سے فریضہ حج ادا کرنے میں سہولت پیدا ہوئی۔ تاریخی وقف ترمیمی ایکٹ 2025کے ساتھ ساتھ امید پورٹل کے لانچ سے شفافیت اور حکمرانی مستحکم ہوئی، جس سے وقف املاک کے لئے ڈیجیٹل بندوبست کے نئے دور کا آغاز ہوا۔ اس کے علاوہ بودھ ترقیاتی منصوبے، جیو پارسی جیسی اسکیموں اور دیگر اسکیموں سے مختلف طبقوں کی منفرد ضروریات پر توجہ دی گئی۔ اس کے تحت اُن کی ثقافت کو برقرار رکھ کر اور تعلیم کو فروغ دے کر اور کمیونٹی بہبود کو بڑھاوا دے کر توجہ دی گئی ہے۔

وشنو پی ایس کی رپورٹ کے ساتھ ، اُردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

## IND Weather

بھارتی محکمہ موسمیات نے کل تک مغربی مدھیہ پردیش میں شدید ترین بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ملک کے وسطی، مشرقی اور شمال مشرقی حصوں میں اگلے سات دن کے دوران موسلادھار بارش کا سلسلہ جاری رہے گا۔ محکمہ موسمیات نے مزید کہا کہ 25جون سے شمال مغربی بھارت میں تیز اور بہت تیز بارش کے سلسلے میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا کہ شمالی بحیرۂ عرب، راجستھان، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ کے کچھ حصوں اور دلی، اترپردیش کے باقی حصوں، ہماچل پردیش اور جموں کے باقی حصوں میں اگلے دو دن کے دوران جنوب مغربی مانسون کی پیش رفت کے لیے موسمی حالات سازگار ہیں۔

اِدھر گجرات میں سورت کے کچھ حصوں میں موسلادھار بارش ہوئی جس سے شہر کے نشیبی علاقوں میں سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہو گئی ہے۔ سورت شہر میں آج 8انچ سے زیادہ بارش درج کی گئی، جس سے روزمرہ کی زندگی متاثر رہی۔×

## Syria Sucide Bombing

ملک شام کی راجدھانی دمشق میں گذشتہ کچھ سالوں کے دوران کسی عیسائی عبادت گاہ پر ہوئے اپنی نوعیت کے پہلے اور انتہائی مہلک خودکش حملے میں 22افراد ہلاک ہو گئے۔ حملے میں 63افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عیسائی آبادی کی اکثریت والے Dweilaa مضافات میں St. Elias Orthodox Church پر دو حملہ آوروں نے کل اتوار کے روز شام کو ہونے والی عبادت کے دوران حملہ کیا، عقیدتمندوں پر گولیاں برسائیں اور چرچ میں داخل ہونے کے دروازے کے قریب خود کو دھماکے سے اڑا دیا۔×

## Cricket India England

لیڈس کے ہیڈنگلے میں جاری انڈرسن – تندولکر کرکٹ ٹرافی کے چوتھے دن کے میچ میں بھارت نے میزبان انگلینڈ کے خلاف اب سے کچھ دیر قبل 6وکٹ پر 336رن بنا لیے ہیں۔ بھارت اس وقت 341رنوں کی سبقت لیے ہوئے ہے جس میں کے ایل راہل اور رشبھ پنت کی شاندار سنچریاں بھی شامل ہیں۔اس سے پہلے انگلینڈ نے پہلی اننگز میں بھارت کے 471رنوں کے جواب میں 465رن بنائے تھے۔×

☆☆☆☆☆☆